The Daily LAZAWAL, Jammu

RNI Registration No.48984/86

روزنامہ
ہمیشہ آپ کے ساتھ
لازوال
جموں

11 نیدھی آپ کے نکات 2.0، ایک مشترکہ آگاہی اور معلوماتی پروگرام منعقد

10 آلودگی کیخلاف جنگ میں 10 ہزار مارشل تعینات ہونگے: آتشی

Volume : 39|Issue No: 295 Pages:12|₹ 5| Tuesday 29 October 2024 | 13 کارتک 2081 بکرمی سمت | 25 ربیع الثانی 1446 | 29 اکتوبر 2024 | جلد نمبر: 39 شمارہ نمبر: 295 قیمت: ₹ 5 منگل

DAILYLAZAWAL/ http://lazawal.com/ LAZAWAL TV LAZAWAAL dailylazawal Epaper.lazawal.com

بھارت کا دفاعی مینوفیکچرنگ ماحولیاتی نظام نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے: مودی

کہا میک ان انڈیا، میک فار دی ورلڈ: سی-295 ہوائی جہاز کا کارخانہ نئے بھارت کے نئے ورک کلچر کی عکاسی کرتا ہے

لازوال ڈیسک

نئی دہلی//روز وزیر اعظم نریندر مودی اور اسپین کے وزیر اعظم مسٹر پیڈرو سانچیز نے آج گجرات کے وڈودرا میں ٹاٹا ایڈوانس سسٹم لمیٹڈ (ٹی اے ایس ایل) کیمپس میں C-295 طیاروں کی تیاری کے لیے ٹاٹا ایئر کرافٹ کمپلیکس کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ دونوں وزرائے اعظم نے اس موقع پر لگائی گئی نمائش کا جائزہ بھی لیا۔

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ سپین کے وزیر اعظم مسٹر پیڈرو سانچیز کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے اور دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری آج ایک نئی سمت کی جانب گامزن ہے۔ C-295 طیاروں کی مینوفیکچرنگ کے ٹاٹا ایئر کرافٹ کمپلیکس کے افتتاح کا ذکر کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ اس سے نہ صرف دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مضبوط ہوں گے، بلکہ 'میک ان انڈیا، میک فار دی ورلڈ' کے مشن کو بھی رفتار ملے گی۔ وزیر اعظم مودی نے اس موقع پر ایئر بس اور ٹاٹا کی پوری ٹیم کو اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔

وزیر اعظم نے آنجہانی رتن ٹاٹا جی کو بھی خراج عقیدت پیش کیا۔

وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ C-295 طیاروں کی فیکٹری نیو انڈیا کے نئے ورک کلچر کی عکاسی کرتی ہے اور کہا کہ ملک میں کسی بھی پروجیکٹ کے آئیڈیا سے لے کر عمل درآمد تک بھارت کی رفتار یہاں دیکھی جا سکتی ہے۔ اکتوبر 2022 میں فیکٹری کا سنگ بنیاد رکھے جانے کو یاد کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ مرکز اب C-295 طیاروں کی مینوفیکچرنگ کے لیے تیار ہے۔ 101

اکھنور تصادم میں دہشت گرد ہلاک، اسلحہ برآمد

ماہر فوجی کتا 'فینٹم' جان بحق، وسیع علاقے کا محاصرہ، جدید ترین ٹیکنیکیں اور این ایس جی کمانڈوز کی تعیناتی

لازوال ڈیسک

جموں//، ضلع جموں کی تحصیل اکھنور کے سنجوانی سیکٹر میں ایل او سی کے قریب دہشت گردوں کے حملے کے بعد ایک روزہ طویل مقابلے میں ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا، جب کہ فوجی آپریشن کے دوران فوج کا ماہر کتا 'فینٹم' بھی جان کی بازی ہار گیا۔ فوجی ترجمان کے مطابق، دہشت گردوں سے شدید مقابلے کے دوران ایک دہشت گرد کی لاش اور ہتھیار برآمد ہوا ہے، جبکہ باقی دہشت گردوں کی تلاش کے لیے علاقے کا گھیراؤ اور تلاشی کارروائی جاری ہے۔ فوج نے علاقے میں اضافی نفری، ہیلی کاپٹرز اور ڈرونز تعینات کر دیے ہیں تاکہ زمینی افواج کو مکمل معاونت حاصل ہو۔

تفصیلات کے مطابق، یہ مقابلہ صبح اس وقت شروع ہوا جب تین دہشت گردوں کے ایک گروپ نے آرمی گاڑیوں پر فائرنگ کی۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے آرمی ایمبولینس کو بھی نشانہ بنایا گیا، مگر خوش قسمتی سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔ تاہم، سیکورٹی فورسز نے فوری طور پر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور دہشت گردوں کے ساتھ جھڑپ شروع ہوئی، جس کے نتیجے میں ایک دہشت گرد مارا گیا۔

ذرائع نے بتایا کہ اس آپریشن میں نیشنل سیکورٹی گارڈز (این ایس جی) کے کمانڈوز بھی شامل ہیں اور اس کے علاوہ روسی ساختہ 'بوئے وایہ مشینا پیکھوٹی' گاڑی کو بھی استعمال میں لایا گیا ہے۔ فوج نے علاقے میں تمام ممکنہ فرار راستے بند کر دیے ہیں اور علاقے میں موجود مزید دہشت گردوں کو ختم کرنے کے لیے کارروائی جاری ہے۔

فوج کے وائیٹ نائٹ کور نے اپنے ایک بیان میں 102

کورپشن کا خاتمہ میری حکومت کی اوّلین ترجیح ہے: عمر عبداللہ

کہا دیانتداری کسی بھی کامیاب قوم کی بنیاد ہے اور ترقی، فلاح و بہبود اور ترقی پر اس کے اثرات سے انکار نہیں کیا جا سکتا

لازوال ڈیسک

سری نگر//روز وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے 'ویجی لنس بیداری ہفتہ 2024' کے آغاز پر آج جموں و کشمیر حکومت کے عوامی خدمت میں دیانتداری اور شفافیت کے عزم کو تقویت دیتے ہوئے دیانتداری کا عہد لیا۔ حلف برداری کی تقریب صبح 11 بجے سری نگر میں سول سیکرٹریٹ کی تیسری منزل پر واقع میٹنگ ہال میں منعقد ہوئی جس میں تمام محکموں کے افسران کے ساتھ انتظامی سیکرٹریوں نے شرکت کی۔ جموں میں تعینات افسران نے سول سیکرٹریٹ جموں سے بذریعہ ویڈیو کانفرنس شمولیت اختیار کی جبکہ صوبائی کمشنروں، ضلع ترقیاتی کمشنر، ڈپٹی کمشنروں، محکموں کے سربراہان اور سینئر وں سکولوں نے اَپنے ضلعی صدر مقامات سے حصہ لیا۔

محکموں نے اَپنے 103

ہمیں امن اور ترقی کی رفتار کی حفاظت کرنی چاہیئے: سنہا

سیکورٹی منظر نامے کا جائزہ لیا • دہشت گردی کے خطرات کے خلاف پیشگی کارروائی کی ہدایت دی

لازوال ڈیسک

سری نگر//جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی سربراہی میں سری نگر میں ایک اعلیٰ سطحی سیکورٹی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں پولیس اور سیول انتظامیہ سے وابستہ سینئر آفیسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر کی تازہ ترین سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

تفصیلات کے مطابق لفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے آج سرینگر میں کشمیر ڈویژن کے تمام اضلاع کی سیکورٹی صورتحال اور ترقیاتی پہلوؤں پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں چیف سیکرٹری 104

حکومت ترقی کی صحیح راہ پر گامزن ہے: عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ نے محکمہ خزانہ کے کام کاج اور مالیاتی پیش رفت کا جائیزہ لیا

لازوال ڈیسک

سرینگر//روز وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں محکمہ خزانہ کے کام کاج اور پیش رفت کا جائیزہ لینے کیلئے منعقدہ ایک میٹنگ کی سدارت کی۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ کے مشیر مسٹر ناصر اسلم وانی، چیف سیکرٹری مسٹر اتل ڈولو، وزیر اعلیٰ کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری دھیرج گپتا، پرنسپل سیکرٹری خزانہ اور محکمہ خزانہ کے مختلف ڈویژنوں کے سربراہان نے شرکت کی۔ پرنسپل سیکرٹری خزانہ نے بجٹ کے رجحانات، مالیاتی چیلنجوں اور جاری اصلاحات پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک تفصیلی پریذنٹیشن دی۔

وزیر اعلیٰ نے مرکزی اسپانسرڈ اسکیموں (سی ایس ایس) پر توجہ مرکوز کرنے اور ریونیو کی وصولی میں 105

وزیر اعظم آج روزگار میلے سے خطاب کریں گے

دھنونتری جینتی پر 12850 کروڑ روپے کے منصوبوں کا آغاز، افتتاح اور سنگ بنیاد

لازوال ڈیسک

نئی دہلی//روز وزیر اعظم نریندر مودی منگل کو 51,000 سے زیادہ منتخب امیدواروں کو تقرری خط تقسیم کریں گے اور روزگار میلے سے بھی خطاب کریں گے۔ وزیر اعظم کے دفتر نے پیر کو یہاں کہا کہ مسٹر مودی ان تقریری نامے کو ویڈیو کانفرنس کے ذریعے تقسیم کریں گے۔ روزگار میلہ روزگار پیدا کرنے کو ترجیح دینے کے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ نوجوانوں کو قوم کی تعمیر میں اپنا رول ادا کرنے کے بامعنی مواقع فراہم کر کے انہیں بااختیار بنائے گا۔

مرکزی حکومت کی مختلف وزارتوں اور محکموں جیسے محکمہ محصولات، محکمہ اعلیٰ تعلیم، وزارت داخلہ، وزارت دفاع، وزارت صحت اور خاندانی بہبود کے نئے ملازمین کو راغب کرنے کے لیے ملک بھر میں 40 مقامات پر روزگار میلے منعقد کیے جائیں گے۔ نئے ملازمین کو آئی گوٹ کرمایوگی پورٹل پر دستیاب آن لائن ماڈیول 'کرمایوگی پرارمبھ' کے ذریعے بنیادی تربیت حاصل 106

کورپشن دیرپا ترقی کی راہ میں ایک بڑی رُکاوٹ ہے: سنہا

لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے ویجی لنس بیداری ہفتہ کے موقعہ پر اَفسران کو دیانتداری کا عہد دِلایا گیا

لازوال ڈیسک

سری نگر//راج بھون میں ویجی لنس بیداری ہفتہ کے موقعہ پر افسروں کو ''دیانتداری کا عہد'' دِلایا گیا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے دیانتداری کا عہد پڑھ کر سنایا اور افسروں کو حلف دِلایا۔ ویجی لنس بیداری ہفتہ 28 اکتوبر سے 3 نومبر 2024ء تک منایا جا رہا ہے جس کا موضوع ''ملک کی خوشحالی کے لئے دیانتداری کا کلچر'' ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اَپنے ایک پیغام میں کہا ہے، ''کورپشن دیرپا ترقی کی راہ میں ایک بڑی رُکاوٹ ہے کیوں کہ یہ وسائل کو ضروری خدمات اور اِقتصادی ترقی سے دور کرتی ہے۔ مجموعی طور پر تنظیموں، اِداروں اور معاشروں کے آسان، اخلاقی اور شفاف کام کو یقینی بنانے میں اہم کردار اَدا کرتی ہے۔ 107

عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے: جاوید احمد رانا

جل شکتی، قبائلی امور، جنگلات اور ماحولیات کے وزیر کا دورہ مینڈھر، عوامی اجتماعات سے خطاب کیا • عوامی امنگوں کو پورا کرنے کی یقین دہانی کرائی

لازوال ڈیسک

مینڈھر//جل شکتی، قبائلی امور، جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج اپنے آبائی حلقہ مینڈھر کے مختلف حصوں کا جامع دورہ کیا۔ دورے کے دوران وزیر نے ترقیاتی ضروریات اور مقامی لوگوں کی خواہشات کا تفصیلی جائیزہ لینے کے علاوہ ان کی شکایات کا جائیزہ لیا۔ انہوں نے افسران سے علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی صورتحال کے بارے میں دریافت کیا اور انہیں ان اہم عوامی اہمیت کے حامل کاموں کی جلد تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

مسٹر رانا نے کہا کہ حال ہی میں بننے والی حکومت عوام کی ترقیاتی امنگوں کو پورا کرنے کیلئے پرعزم ہے اور اس بات کا خیال رکھتی ہے کہ کوئی بھی اس کی بنیادی ضروریات سے محروم نہ رہے اور سب کی یکساں خدمت کی جائے۔ دورے کے دوران مختلف وفود اور افراد نے وزیر موصوف سے ملاقات کی 108

عوام کی مساوی ترقی اور فلاح و بہبود موجودہ حکومت کی اوّلین ترجیح: ستیش شرما

کھوڑ کا تفصیلی دورہ کیا • عوامی اجتماع سے خطاب، بدھوال سے گگریال تک سڑک کی تعمیر کا اِفتتاح کیا

لازوال ڈیسک

جموں//روز وزیر برائے خوراک، شہری رسدات امورِ صارفین، ٹرانسپورٹ، اَمورِ نوجوان و کھیل کود، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، آئی ٹی اور اے آر آئی اینڈ ٹریننگ ستیش شرما نے آج کھور کا ایک تفصیلی دورہ کیا اور اُنہوں نے وہاں ہنومان چوک، مائرہ جوریاں اور تروتی سمیت مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے ایک بڑے اِجتماع سے خطاب کیا۔ وزیر نے اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے عوام کی حمایت کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ خطے میں ترقی اور خوشحالی لانے کے لئے انتہائی جوش وجذبے اور جانفشانی کے ساتھ کام کریں گے۔

اُنہوں نے کہا کہ عوام کی مساوی ترقی اور فلاح و بہبود موجودہ حکومت کی اوّلین ترجیح ہے اور تمام عوامی شکایات اور مسائل کو فوری طور پر اَزالہ کیا جائے گا۔ دورے کے دوران متعدد وفود نے وزیر موصوف سے ملاقات کی اور اُنہیں لنک سڑکوں کی تعمیر، بجلی کے بلوں، راشن کارڈوں، بے قاعدہ بجلی اور پانی کی فراہمی سمیت اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وزیر ستیش شرما نے وفود کو یقین دِلایا کہ ان کی جانب سے اُٹھائے 109

جموں و کشمیر کو دوبارہ غیر مستحکم کرنے کی سازشیں رچی جا رہی ہیں: رویندر رینا

کہا شہری ہلاکتوں پر روک لگنی چاہئے اور ملوثین کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جانا چاہئے

یو این آئی

سری نگر//جموں و کشمیر بی جے پی یونٹ کے صدر رویندر رینا نے پیر کے روز کہا کہ مرکزی زیر انتظام علاقے میں حالات کو درہم برہم کرنے کی سازشیں رچائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کے لوگوں کو امن و استحکام برقرار رکھنے کی خاطر اپنا تعاون فراہم کرنا چاہئے۔

ان باتوں کا اظہار موصوف نے بڈگام میں تعزیت پرسی کے بعد نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ گگن گیر دہشت گردانہ حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے کیونکہ دہشت گردوں نے عام شہریوں کو نشانہ بنایا جن میں ڈاکٹر شاہنواز بھی شامل تھا۔ ان کے مطابق ڈاکٹر شاہنواز انسان دوست شخصیت کے مالک تھے اور پورے علاقے کے لوگ اس کو عزت کی نظروں سے دیکھتے تھے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جموں و کشمیر میں شہری ہلاکتوں پر روک لگنی چاہئے اور ملوثین کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جانا چاہئے۔ 110

پاکستان کبھی کامیاب نہیں ہوگا: کویندر گپتا

سیکیورٹی فورسز دہشت گردانہ حملے ناکام بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں

لازوال ڈیسک

جموں//سینئر بی جے پی لیڈر اور سابق نائب وزیر اعلیٰ کویندر گپتا نے پیر کے روز اکھنور علاقے میں سیکیورٹی فورسز پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی۔ میڈیا کے نمائندوں کو جاری کردہ بیان میں بی جے پی کے سینئر رہنما نے زور دیا کہ سیکیورٹی فورسز پاکستان جیسی ناپاک عزائم رکھنے والے ملک کے منصوبوں کا سامنا کرنے کے لیے مکمل تیار ہیں۔ آج دنیا نے دیکھا کہ کیسے ہمارے فورسز نے دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنایا اور ان میں سے ایک کو بے اثر کر دیا جبکہ باقی پاکستان کے 'مہرے' کو تلاش کیا جا رہا ہے۔

کویندر نے کہا کہ مودی حکومت نے سیکیورٹی فورسز کے 111

سکینہ مسعود اِیتو نے آڈیٹوریم کم لائبریری بلاک کا اِفتتاح کیا

گورنمنٹ ڈگری کالج سنبل میں نیوز لیٹر جاری کیا اور کمیونٹی ہیلتھ سینٹر سنبل کا دورہ کیا

لازوال ڈیسک

بانڈی پورہ//وزیر برائے سکولی تعلیم، اعلیٰ تعلیم، سماجی بہبود صحت و طبی تعلیم سکینہ مسعود ایتو نے آج آڈیٹوریم کم لائبریری بلاک کا اِفتتاح کیا اور گورنمنٹ ڈگری کالج سنبل میں نیوز لیٹر جاری کیا۔ اِس موقعہ پر ایم ایل اے سوناواری ہلال اکبر لون، ڈائریکٹر کالجز پروفیسر (ڈاکٹر) شیخ اعجاز بشیر، اے ڈی سی بانڈی پورہ ظفر شال، ایس ڈی ایم سنبل مرتضیٰ احمد، پرنسپل جی ڈی سی سنبل پروفیسر (ڈاکٹر) شبینہ اِقبال شال، ڈی پی او آئی سی ڈی ایس، ڈی ایس ڈبلیو او بانڈی پورہ، فیکلٹی ممبران، طلبا، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔

ابتداً، وزیر موصوفہ نے شجرکاری مہم کی قیادت کی جس میں ماحول دوست اقدامات کو فروغ دینے کے لئے کالج اِنتظامیہ کی مشترکہ کاوشوں کو اُجاگر کیا گیا۔ اِس موقعہ سکینہ مسعود اِیتو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کا عزم ہے کہ گریجویشن تک مفت تعلیم فراہم کی جائے گی 112